(6 pages)

MAY 2023 **U/ID 33276/ULF1A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

SECTION A – (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ : کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

۱۔ پہلے درویش کی بربادی کا کیا سبب تھا؟

۲۔ پہلے درویش کو اس کی بہن نے کیا نصیحت کی؟

۳۔ نواب محمود کی وفات کب ہوئی؟

۴۔ زبیدہ کا خلیفہ منصور سے کیا رشتہ تھا؟

۵۔ حاتم کو پکڑ کر کس نے نوفل کی خدمت میں پیش کیا؟

۶۔ پطرس بخاری کا جا گنا نمبر دو کب ہوتا تھا؟

۷۔ شیرِ افگن کس کا خطاب ہے؟

۸۔ ''تہذیب الاخلاق'' کس نے جاری کیا؟

۹۔ لفظ زبیدہ عربی زبان میں کیا معنی دیتا ہے؟

۱۰۔ پطرس بخاری کو ان کے دوست نے بائسیکل کے ساتھ اور کیا چیز دی تھی؟

۱۱۔ نواب محمود کو کس صنف شاعری میں مہارت حاصل تھی؟

۱۲۔ آسماں پر بھورے بادلوں میں بجلی کی طرح چمکنے والی دھنک کیا ہے؟

SECTION B – (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے سوالوں میں سے کسی پانچ اقتباسات کی بحوالہ متن تشریح کیجئے۔

۱۳۔ ''ہماری زندگی میں بھی جو چیز بہت دور ہے، وہی ہم کو زیادہ خوش کرنے والی ہے۔''

۱۴۔ جس وقت آدھی رات ادھر اور آدھی رات ادھر ہوئی سنسان ہوگیا۔ دیکھتا کیا ہوں کہ ایک صندوق قلعے کی دیوار پر سے نیچے چلا آتا ہے۔

۱۵۔ ''مرد کو چاہئے کہ جو کہے سو کرے۔ یوں تو جیبھ حیوان کو بھی خدا نے دی ہے۔''

۱۶۔ ''بیگم سر پر چتر شاہی قربان ہوتا نظر آتا ہے۔''

۱۷۔ ''اب جو کھڑکی میں سے آسمان کو دیکھتے ہیں
تو جناب ستارے ہیں کہ جگمگا رہے ہیں۔''

۱۸۔ ''ایک رات کی جان جنگل میں پڑی روتی تھی۔
تھک جاتی تو ہاتھ چوسنے لگتی تھی مگر قسمت
سرہانے کھڑی ہنستی تھی کہ جلدی نہ کر جس محل
میں تجھے ملکہ بنا کر بٹھانا ہے، وہ ابھی تعمیر
نہیں ہوا۔''

۱۹۔ ''بھئی جیسے تمہاری مرضی میں تو اب بھی یہی کہتا ہوں کہ قیمت وبیمت جانے دو، لیکن میں جانتا ہوں کہ تم نہ مانو گے۔''

SECTION C – (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

۲۰۔ مولانا حالی نے مرزا غالب کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے۔ وضاحت کیجئے۔

۲۱۔ ''حاتم طائی'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

۲۲۔ پطرس کے مضمون ''مرحوم کی یاد میں'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

۲۳۔ کالج کی فیس کی ادائیگی سے متعلق روپیہ طلب کرتے ہوئے اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھئے۔

۲۴۔ بہن کی شادی میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے اپنے دوست کے نام ایک خط لکھئے۔
